سوال

(191) نماز میں قراءت کی ترتیب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی امام عشاء کی فرض چار رکعتوں میں پہلی رکعت میں قل اعوذ برب الناس اور دوسری رکعت میں سورہ اخلاص پڑھے تو اس صورت میں ہماری نماز کیسے ہوگی؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہتر یہی ہے کہ قرآن مجید ترتیب کے ساتھ پڑھا جائے جیسا کہ عام احادیث سے ثابت ہے لیکن بغیر ترتیب کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

صحیح حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے نماز میں سورۃ النساء پڑھی پھر سورۃ آل عمران پڑھی۔ (صحیح مسلم: 772 باب استحباب الطویل القراءة فی صلاة اللیل۔ ودری نسخہ ج1 ص264)

لہذا صورت مذکورہ میں آپ کی نماز ہوگئی ہے۔ (شہادت، فروری 2002)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ409

محدث فتویٰ